© rasailojaraid.com



آتی ہے یا اس سے زوال یافتہ جاگیردارانہ نظام کی المناک یادتازہ ہوتی ہے۔ مدارس عربیہ کے طلباء کے لیے اس کتاب کا مطالعہ بہرحال مفید ہوگا۔ (ف۔ ع)

**ڈاکٹر اقبال سے ادب کے ساتھ: مصنف ڈاکٹر نوری سائز $\frac{20 \times 30}{16}$ صفحات ۸۰ قیمت ۴ روپے۔ ناشر: سرکوتھراپی سینٹر، اشوک مارکیٹ سدی عنبر بازار حیدرآباد (آندھرا)**

ڈاکٹر نوری صاحب "سرکوتھراپی" (یعنی علاج بغیر دوا) کے ڈاکٹر ہیں اور جب انھیں اپنے پیشہ سے فرصت ہو تو بقول خود ان کا محبوب مشغلہ شعر و شاعری ہے، لیکن ستم ظریفیٔ زمانہ دیکھیے کہ بے شمار رباعیاں، غزلیں اور قصیدے لکھنے کے باوجود تا حال ان کی رباعیات کا ایک مجموعہ کتابی شکل میں آسکا یا اب ان کی یہ ایک زیرِ نظر تصنیف شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب کا نام عجیب ہے تو اس کے مندرجات عجیب تر اور مقصد عجیب ترین۔ شعرگوئی جب "مشغلہ" بن جائے تو شاید یہی نتائج سامنے آتے ہیں۔
ڈاکٹر صاحب نے علامہ اقبال، میرانیس، دبیر، خسرو، امجد، غالب، داغ، مولانا روم، سرمد، خیام اور نظیری وغیرہ کے مختلف اشعار کا جواب اشعار میں دینے کی کوشش کی ہے اور اپنی اس سعی کو انھوں نے فن شاعری میں "صنفِ محکیّات" کا نام دیا ہے۔ اس طرح وہ ایک نئی صنف کے موجد بھی بن گئے ہیں۔ اللّٰھم زد فزد۔
بے شبہ ڈاکٹر صاحب کو اپنے افکار نظم کرنے پر پوری قدرت حاصل ہے، لیکن موصوف نے اپنی اس تصنیف میں مذکورہ بالا شعرا کے اشعار کا جو جواب دیا ہے اسے "دردِ لادوا" کے مقابل "علاج بے دوا" ہی کہا جا سکتا ہے اور انہی الفاظ پہ حد تبصرہ تمام شد۔

(ف۔ ع)

**کاروباری خط و کتابت: از کے۔ محمد احمد ابن مخدوم ایم۔ اے۔ تقطیع $\frac{20 \times 30}{16}$ صفحات ۱۶۸ غیر مجلد قیمت ۱۰ روپے۔ ناشر: کرناٹک اشاعت گھر بنگلور۔**



© rasailojaraid.com